اداریہ

تصوف، اسلامی معاشرے کا اہم موضوع رہا ہے۔ ہندوستان میں تصوف کی شاندار تاریخ سے انکار نا گزیر ہے۔ اس ضمن میں گرچہ محققین نے اپنی گرانقدر خدمات انجام دی ہیں پھر بھی مزید تحقیقی و تصنیفی کام کی ضرورت ہے۔ ہماری خواہش تھی کہ ہندوستان میں تصوف پر جو کام ہوا ہے اسے خصوصی شمارے کی شکل میں دستاویز کی صورت میں قارئین کے سامنے پیش کیا جا سکے۔ لہٰذا راہ اسلام کا عرفان وتصوف اسلامی پر یہ خصوصی شمارہ آپ کی خدمت میں حاضر ہے۔ہم نے خدا بخش لائبریری اور ذاکر حسین انسٹی ٹیوٹ کے شائع شدہ مضامین کو بھی اس مجلّے میں شامل کیا ہے۔اس کے لئے ہم ان کے شکر گزار ہیں۔

اس خصوصی شمارہ کے ایڈیٹر پروفیسر سید عزیز الدین حسین ہمدانی سابق صدر شعبۂ تاریخ وثقافت جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی ہیں، کیونکہ تصوف آپ کا خاص موضوع رہا ہے اس لئے ہم نے انہیں اداریہ کی جگہ حرف اوّل لکھنے کے لئے کہا تا کہ ہمارے محترم قارئین تصوف پر تحقیقی مقالات کا مطالعہ کرنے سے پہلے حرف اوّل کا مطالعہ کرلیں، جس کے ذریعہ قارئین کو تصوف کا ہندوستانی پس منظر اور بنیادی معلومات نیز تاریخ کا اندازہ ہو سکے۔

ہم اس مجلّے کی اشاعت کے لئے پروفیسر سید محمد عزیز الدین حسین، پروفیسر شاہ محمد وسیم، پروفیسر عراق رضا زیدی، جناب مجید احمدی، جناب سید علی ظہیر نقوی، جناب مہدی باقر اور جناب محمد یٰسین کے شکر گزار ہیں کہ ان کی ذاتی دلچسپی کی بناء پر یہ اہم اور تحقیقی مجلّہ دانشوروں تک پہونچ سکا امید ہے کہ اس مجلّے سے تاریخ اور تصوف سے متعلق اساتذہ اور ریسرچ اسکالرس مستفید ہوں گے۔

چیف ایڈیٹر
ڈاکٹر سید عبد الحمید ضیائی